RAMPUR GOV[T] GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ مارچ سنہ ۱۸۹۴ع مطابق ۳ رمضان المبارک سنہ ۱۳۱۱ھ	نمبر ۱۱

حکم اجلاس کامل واقع ۲۰ فروری سنہ ۱۸۹۴ع

آج کونسل مین پیش ہو کر تجویز ہوا کہ بسبب عرضہ بخشی فوج اکبر شاہ خان سپاہی قدیمی ملازم فوج کا ہوا وجب قاعدہ فوج تین روپیہ ہوا پنشن کا ہے لہذا از رہ علحدگی خدمت سے تین روپیہ ماہینہ پنشن اکبر شاہ خان کو دی منظور رہے

مثل بغرض اجرائے احکام باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام جاری ہون بخشی فوج اور ایلہ پنشنداران کو اطلاع دیجاوے — ۳ مارچ سنہ ۱۸۹۴ع

[illegible]

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

۸ مارچ سنہ ۱۸۹۴ع

رخصت مزید یک ہفتہ منشی عبد الکریم خان صدر قانونگوے بوجہ علالت منظور ہوی —

[illegible]

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۹۱۳ء

ہر ایک نمبر کے متعلق احکام تحریر ہو چکے لہذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے اور اصل بنا بر تعمیل واپس ہو۔

روداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ یکم فروری سنہ ۱۹۱۳ء

جناب مولوی محمد معز صاحب بہادر سشن جج صدر نشین
منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ضلع سکرٹری کمیٹی

شرکار جلسہ ملازمین	شرکار جلسہ غیر ملازمین	
۱- پنڈت رامدیال صاحب ڈاکٹر فوج-	۱- سید ابراہیم صاحب وکیل- ممبر	۵- مولوی عبد الاحد صاحب وکیل- ممبر
۲- مولوی یعقوب علی خانصاحب وکیل سرکار-	۲- مولوی محمد یعقوب صاحب وکیل- ممبر	۶- محمد معز اللہ خانصاحب مستاجر- ممبر
	۳- مرزا محمد حسن صاحب وکیل- ممبر	۷- لالہ گوپال داس صاحب- ممبر
	۴- حافظ مستقیم صاحب مستاجر- ممبر	۸- لالہ بلدیو داس صاحب مستاجر ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- عرضی محلہ داران مسجد کیت بدرخواست انتظام روشنی مسجد-	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اس مسجد کے قریب کسی طرف کو رہستہ چلتا ہے ایک تو نمازیوں کو آرام ہوگا دوسرے راہگیروں کو بہت آسایش ہوگی لہذا ایک لالٹین اس مسجد میں مقام موقع پر لگا دیجاوے-

ایک لالٹین میونسپلٹی سے یہان نصب کردیجائے اجازت دیجاتی ہے- ۲۵ فروری سنہ ۱۹۱۳ء

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۲- یادداشت بخشی صاحب فوج و مرزا محمد حسن صاحب ممبران دربارہ بے موقع نصب ہونے بم پولس آہنی-	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ بم پولس عیدگاہ دروازہ و بم پولس درمیان بریلی و بہاڑی دروازہ و بم پولس قریب شاہ آباد دروازہ ان تینون بم پولس کو جو ممبر صاحبان بالکل بے ضرورت سمجھتے ہین علیحدہ کردئے جاوین اور منجملہ ان بم پولس کا ایک بم پولس متصل بازار سبزی فروشان نصب کیا جاوے اور ممبر صاحبان تکلیف دیجاوے کہ دو بم پولس باقیماندہ کیلئے جگہ تجویز کرکے مطلع فرماوین-

اجراء اس تجویز کا ابھی ملتوی رہے اس بارہ مین ہمنے علیحدہ حکم جاری کیا ہے- ۲۵ فروری سنہ ۱۹۱۳ء

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۳- تخمینہ درستی چاہ محلہ کھاری قیمتی ۵	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ صاحب میونسپل انجینیر حال سے اس تخمینہ کی فوراً جانچ کرائی جاوے-

ملاحظہ شد- ۲۵ فروری سنہ ۱۹۱۳ء

۴ - نوٹ بخشی صاحب مرزا محمد حسن صاحب و مولوی عبد الصمد صاحب ممبران متعلق افراد باقی ذمہ دہندان بابت وصول پرتہ چوکیداری

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ افراد بقایا خدمت مین تحصیلدار صاحب حضور تحصیل کے بہیجی جاوین کہ وہ یہ زر وصول فرماوین آیا مین بعض بعض قوم اہل خاندان کے ذمہ بہی باقی ہین اور حالت پرتہ کی اطمینانی نہین ہے صاحب سکرٹری جلسہ آیندہ مین اسکی بابت مفصل نوٹ پیش کرین -

اس بارہ مین علیحدہ رپورٹ مفصل آنا چاہیے - ۲۵ر فروری سنہ ۱۸۹۴ء

دستخط انگریزی [illegible]

۵ - نوٹ صاحب سکرٹری بورڈ مع نقشہ تجویز جدید پرتہ چوکیدارہ ذمہ ساکنان شہر تعدادی ۱۴ ۱ار ماہوار

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اس نقشہ سے افراد محلہ وار مرتب ہو کر ممبر صاحبان متعلقہ کے پاس بہیجی جاوین کہ ممبر صاحبان تجویز صاحب سکرٹری بورڈ کو جانچ کر کیفیت سے اطلاع دین تاکہ پرتہ جاری ہو وے -

اس بارہ مین علیحدہ رپورٹ مفصل آنا چاہیے - ۲۵ر فروری سنہ ۱۸۹۴ء

دستخط انگریزی [illegible]

۶ - عرضی محمد نعمت اللہ خان ٹہیکہ دار ٹکٹ مرحوم متعلق بدخواست ملنے قیمت ٹکٹ ہائے مستعملہ کار سرکاری

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ قیمت ان ٹکٹون کی سررشتہ نزول سے ملنے کے قابل ہے درخواست ٹہیکہ دار بحضور خانبہادر صاحب ریونیو ممبر بہادر پیش ہو -

ملاحظہ شد - ۲۵ر فروری سنہ ۱۸۹۴ء

دستخط انگریزی [illegible]

۷ - عرضی وزیر ٹہیکہ دار مسلخ دربارہ تیاری فرش پتہر معہ تخمینہ تعدادی السا[illegible]

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ تخمینہ بغرض جانچ صاحب میونسپل انجینیر حال کو تفویض ہو وہ بعد جانچ اطلاع دین اور لکہا جاوے کہ اس تخمینہ کے ساتہہ کہرنجہ کا تخمینہ بہی مرتب کر کے بہیجین کہ اگر مسلخ مین کہرنجہ بنوا دیا جاوے تو کسقدر لاگت درکار ہوگی -

ملاحظہ شد - ۲۵ر فروری سنہ ۱۸۹۴ء

دستخط انگریزی [illegible]

۸ - دربارہ صاحبزادہ جلیل ممبر دربارہ خریداری گاڑیان آہنی

صاحب صدر نشین بہادر نے فرمایا کہ نمونہ مطلوبہ آگئی ہین گردا و صفائی کام لیکر دیکہین اور کیفیت مفصل پیش کرین

ملاحظہ شد - ۲۵ر فروری سنہ ۱۸۹۴ء

دستخط انگریزی [illegible]

۹ - عرضی شبن دفتری صفائی بدخواست اضافہ

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ عرضی گذار صفائی مین دفتری ہے اور ۱۱ر ماہوار تنخواہ پاتا ہے اور کام دفتری اور لفافہ رسانی کا کرتا ہے تنخواہ موجودہ بہت تہوڑی ہے بافعل ۱۲ار ماہوار اضافہ ہو کر ساڑہے تین روپیہ ماہوار اسکو تنخواہ ملنا چاہیے -

بعد آنے بجٹ کے حکم مناسب صادر ہوگا - ۲۵ر فروری سنہ ۱۸۹۴ء

دستخط انگریزی [illegible]

ضمیمہ ... ریاست رامپور نمبر ... مطبوعہ ۱۲ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۵ لغایت ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہنود	عورت: مسلمان	عورت: ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۶ سال تک: مرد	عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	ہنود	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
شہر رامپور	۳۳	۸	۱۵	۰	۵۶	۴۸	۸	۶	۵	۵	۱	۲۰	۱۲	۳۱	۱۸	۲۶	۲۳	۰	۰	۱۰	۳۹	۴۹	۰
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ملک	۷	۳۴	۵	۳۱	۷۷	۱۲	۶۵	۴	۶	۲	۰	۸	۱۰	۱۴	۱۶	۹	۲۱	۰	۱	۳۰	۹	۳۰	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۹	۳	۶	۱۱	۲۹	۱۵	۱۴	۳	۷	۰	۰	۱۴	۷	۱۷	۱۴	۱۳	۱۸	۰	۰	۰	۳۱	۳۱	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
میزان	۵۰	۴۵	۲۶	۴۲	۱۶۳	۷۶	۸۷	۱۳	۱۸	۸	۱	۴۲	۲۹	۶۲	۴۸	۴۸	۶۲	۰	۱	۴۰	۷۹	۱۱۰	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۵ لغایت ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۵ ار	۰	۰	۰	۱۴ ار	حضور تحصیل و ملک و سوار و بلاسپور نقشے نہیں آئے
نخود خالص	۰	۲۲ ار	۰	۰	۰	۲۲ ار	
نخود کسہ امیز	۰	۲۵ ار	۰	۰	۰	۰	
کسہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۰ ار	۰	۰	۰	۱۷ ار	
مونگ	۰	۱۸ ار	۰	۰	۰	۱۷ ار	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۳۰ ار	
جئی	۰	۰	۰	۰	۰	۳۰ ار	
کوجئی	۰	۳۰ ار	۰	۰	۰	۲۲ ار	
عدس	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
برنج	۰	۰	۰	۰	۰	۱ ار	
روغن زرد	۰	۱ ار	۰	۰	۰	[illegible]	
روغن سیاہ	۰	۳ ار	۰	۰	۰	۱۴ ار	
روغن تلخ	۰	۳ ار	۰	۰	۰	۳ ار	
نمک سیلہر	۰	۱۰ ار	۰	۰	۰	۹ ار	
نمک سہوری	۰	۶ ار	۰	۰	۰	۷ ار	
قند سیاہ	۰	۱۲	۰	۰	۰	۱۱ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور